Music By Hemant Kumar

ادا کاران

پردیپ کمار - مالا سنہا
سلوچنا - بھگوان

قیمت ۱ر

ترن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

دُنیا نہ مانے کے لئے گانے

گانا نمبر ۱

ہو سکتا ہے کانٹوں سے بھی پھول کی خوشبو آئے
دُنیا نہ مانے
ہو سکتا ہے ساگر بھی میٹھا پانی دے جائے
دُنیا نہ مانے
یہ دُنیا چند لکیریں کھینچے اور چلتی جائے
نہ مانے کبھی کسی کی بس اپنی منوائے
ہو سکتا ہے بات پتے کی پاگل بھی کہہ جائے
دُنیا نہ مانے
گرتے کو سب نے دیکھا پر کس نے دیا سہارا
چمکے تو تارا مانے اور ٹوٹے تو انگارہ
ہو سکتا ہے انگارہ ایک دن شبنم بن جائے
دُنیا نہ مانے
رو رو کے جس نے دیکھے سب دامن کے دھو ڈالے
یہ حسرت رہ گئی اس کی کوئی اپنے پاس بٹھالے
ہو سکتا ہے آنسو بھی ایک دن موتی بن جائے
دُنیا نہ مانے
کب اس دُنیا نے دیکھے ارمان کسی کے دل کے
کیا غرض اسے پہچانے طوفان کسی کے دل کے

۲۰۔ کچھ ایسے آنسو بھی ہیں جو پلکوں تک رہ جا بھی
دُنیا نہ مانے

نمبر۲۔ انگن بھنگن نل تینگن دُنیا ہمارے باپ کی ہے
او مسٹر جی او لالہ جی یہ نہ سمجھنا آپ کی ہے ۔ انگن...
رو پا ری ریا ری رپا ری ریا رپ
ہم دُنیا کے شہزادے ٹھاٹ باٹھ سنہاسن اپنا
ڈرڈپ ۔ ڈرڈپ ۔ ڈرڈپ
بھوک پیاس کی کمی نہیں بس یہی تو راشن ہے اپنا
او بٹیا جی یہ نہ سمجھنا اپنی کمائی باپ کی ہے ۔ انگن..
مال پرایا سب اپنا ہے یہی ہمارا افسانہ
ڈرڈپ

سب کی پاکٹ اپنی پاکٹ کوئی نہیں ہے بیگانہ
جاکٹ نیکر ہاتھ لگے جو وہی ہمارے باپ کی ہے ۔ انگن
نل بھی کمیٹی کا حاضر اور بجلی بھی سرکاری
ڈرڈپ

ہم سے بڑھ کر گورنمنٹ کو جان ہماری ہے پیاری
اسی لئے تو ہم کہتے ہیں دُنیا ہمارے باپ کی ہے ۔ انگن

نمبر۳۔ جا رے جا رے جا رے اناڑی بلما پریت تیری دیکھی
ہائے دل تیرا دیکھا بھالا جھوٹے جہان کے
بھول ہوئی جو میں نے دل میں بسایا تجھے ظالما
نین ملا کے تو نے روگ لگایا بالما

جس گنوا کے بیٹھے ہوں لٹ کے بیٹھے تیرے لئے بلما
جا رے جا رے ـــ

کہیں کا نہ چھوڑا تو نے دیکھ لی تیری دلداریاں
بھر کے آنکھیں لے گئے دے گیا تنہا تنہا بیماریاں
بیار میں دھوکے دیئے غم بھی انوکھے دئیے
یہ کیا کیا رے بلما ـــ جا رے ـــ
جان چھڑاؤں کیسے پڑ گئی پلے بے ایمان کے
واپس بھی نہ کرے دل بنے ہوالے بے ایمان کے
عرض کروں نہ مانے الٹا سنائے [illegible]
کیسا بلا رے بلما ـــ جا رے
۲ چلا دلدار دئی دگی بیچ میرا پیار دئی دگی
کوئی روکے اسے ٹوکے ہائے اللہ میں مر جاؤں گی
صبح اقرار کیا شام کو توڑ دیا
ہاتھ میں ہاتھ لیا ہاتھ پھر چھوڑ دیا ـــ چلا ـــ
غیر کا ہو گیا دل یہ قہر پڑے
آنکھ سے آنکھ لڑی لٹ گئے ٹکڑے ٹکڑے
چلا دلدار ـــ

رب تو ہیں جان گئی ترا بے ایمان ہے وہ
جان سے مار ڈالے پر میری جان ہے وہ ـــ چلا ـــ

گانا نمبر ۵
تم چل رہے ہو ہم چل رہے ہیں

مگر دنیا والوں کے دِل جل رہے ہیں

لڑکا:۔ یہ ہلکی فضائیں یہ جھومتی ہوائیں
جو چھیڑ چھیڑ جائیں تو دِل مچلے

لڑکی:۔ یہی تو ہے زمانے دِلوں کے افسانے
جو سُنے نہ سُنائے تو دِل مچلے

دونوں:۔ تم چل رہے ہو ہم چل رہے ہیں
مگر دُنیا والوں ۔۔۔۔

لڑکا:۔ اپنی خوشی سے کسی نے جو کسی سے کیا ہے
کوئی وعدہ تو نہیں ڈر کسی کا

لڑکی:۔ دِل ہی دیا ہے کسی کا کیا کیا ہے
کہیے تو کوئی لُٹا ہے گھر کس کا

دونوں:۔ تم چل رہے ہو ہم چل رہے ہیں
مگر دُنیا ۔۔۔۔

لڑکا:۔ یہ پیار کی ادائیں زمانے کو نہ بھائیں
وہ دیکھ دیکھ جلیں تو جلنے دو

لڑکی:۔ ہمیں نہ کوئی روکے کسی کے ہم ہیں کے
چلے ہیں مستی میں تو چلنے دو

دونوں:۔ تم چل رہے ہو ہم چل رہے ہیں
مگر دُنیا ۔۔۔۔

گانا نمبر ۹

ستارو چھپ جانا نظر نہ لگانا

کہ گوری گوری چاندنی میں آئیں گے بلم
ہواؤ لہرانا گھٹاؤ مت آنا
کہ گوری گوری ——

دبے دبے پاؤں جب آئیں گے سیّاں
چپکے سے آ کے جب پکڑیں گے بیّاں
رات رنگین ہو گی رسیلی — کہ گوری گوری ——
پوچھیں گے کون ہوں میں انکھیاں چھپا کے
پھر دیں گے ہمیں جھوٹا نام بتا کے
کتنا سہانا ہو گا بہانہ — کہ گوری گوری ——
نیند میں ہو گی ساری دنیا تو سوئی
جانے گا پریت کے راز نہ کوئی
چاند جلے گا جل کے ڈھلے گا — کہ گوری ——

گانا نمبر ۷

سجنا لگن تیری سونے نہ دے رونا بھی چاہیں تو رونے نہ دے
سمجھے تو سمجھے یہ دل ہار کے
درد انوکھے تیرے ہوتے ہیں پیار کے
ہائے بیری پیار کے
سجنا لگن تیری ——

اپنے پرائے میری سمجھے نہ بتیاں
کس سنگ بول کے بتائیں کالی رتیاں
کالی کالی رتیاں

سجنا دگن

کتنی کٹھن ہیں پیار کی رسمیں
اپنی ہی دُنیا وہ بھی نہ بس میں
ہائے میرے بس میں
سجنا دگن

گانا نمبر ۸

ہم جل رہے تھے وہ جل رہے تھے
مگر دُنیا والوں کے دِل جل رہے تھے
وہی ہیں ہوائیں وہی ہیں فضائیں
مگر پیار کی اب نہیں وہ ادائیں
بلائیں ہم اُن کو مگر وہ نہ آئیں
ہم جل رہے ہیں
خفا مجھ سے کیوں ہے خفا ہونے والے
جدا مجھ سے کیوں ہے جدا ہونے والے
کہاں ہیں وہ وعدے وفا ہونے والے
ہم جل رہے ہیں
اُنہیں بھول کر بھی بھلا نہ سکوں گا
جو دل میں لگی ہے بجھا نہ سکوں گا
میں سپنوں کی دُنیا سجا نہ سکوں گا
ہم جل رہے ہیں

ختم شد

(الہ آباد پرنٹنگ ورکس دہلی)